© rasailojaraid.com



یہ تلخیص و ترجمہ (طوفان سے ساحل تک) بڑا عمدہ اور معیاری ہے اور انشاء اللہ وقت کی ایک اہم ضرورت کو پورا کرنے میں ممد و معاون ثابت ہوگا۔ مولانا ابوالحسن صاحب ندوی کے فاضلانہ اور فکر و احساس کو بیدار کرنے والے پیش لفظ نے اس کتاب کی افادیت کو اور بھی بڑھا دیا ہے۔

## مطالعہ تہذیبِ اسلامی

مصنفہ: جناب پروفیسر محمد ارشاد خاں بھٹی ایم۔ اے، ایم ایس سی صدر شعبہ علوم اسلامیہ ایم۔ اے۔ او کالج لاہور

ناشر: بک ورلڈ۔ خانم بازار۔ انارکلی۔ لاہور

قیمت: چار روپے۔

تعلیمی کمیشن کی رپورٹ سے نصاب میں بعض مفید تبدیلیاں بھی کی گئی ہیں۔ خصوصاً اسلامی تعلیمات کے بعض ایسے حصّے نصاب میں شامل کر دیے گئے ہیں جن سے اگر صحیح طریق سے کام لیا جائے تو نوجوانوں کی ذہنی الجھنوں کو دور کرنے اور اُن کے دل و دماغ میں اسلام کی عظمت اور برتری بٹھانے میں کافی حد تک مدد لی جا سکتی ہے۔ زیر تبصرہ کتاب اس سلسلہ کی ایک نہایت اہم اور مفید کڑی ہے۔ اس کتاب میں فاضل مصنّف نے سب سے پہلے ان فکری بنیادوں پر بحث کی ہے جن پر اسلامی تہذیب کا رفیع الشان قصر تعمیر کیا گیا ہے۔ پھر نہایت سلجھے ہوئے انداز میں اس تہذیب کی تفصیلات سے قارئین کو روشناس کرایا ہے۔ مصنّف کا انداز بیان سادہ اور مؤثر ہے۔ اور اُن کے ایک ایک لفظ سے اُن کا خلوص اور اس تہذیب سے اُن کی دلی وابستگی ظاہر ہوتی ہے۔

یہ کتاب اگرچہ ایف۔ اے کے طلباء کے لیے لکھی گئی ہے لیکن اس سے وہ سارے حضرات مستفید ہو سکتے ہیں جو اسلامی تہذیب و تمدّن کو سمجھنے کے آرزومند ہیں۔

## تعارف بائبل

تالیف: جناب محمد اسلم رانا بی۔ اے (آنرز) جنرل سیکرٹری مرکزِ تحقیق مسیحیت۔ اچھرہ۔ لاہور۔

قیمت: ۱۲ آنے پیسے

© rasailojaraid.com